## قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے رابطہ کمیٹی کی قیادت میں مختلف مسالک کے علماء سے ملاقات

## محرم الحرام میں امن قائم رکھنے کے لیے علماء اپنا کرردار ادا کریں۔رابطہ کمیٹی ایم کیوایم

لاہور4دسمبر 2010ء

قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان ، افتخار اکبر رندھاوا نے معروف دینی شخصیات مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور مولانا عبدالرحمان اشرفی ، علامہ ابتسام الٰہی ظہیر ناظم اعلیٰ جمیعت الحدیث ،ڈاکٹر محمد حسین اکبر سربراہ ادارہ منہاج الحسین ،علی احمد رضا ،مشتاق حسین جعفری اور وقار الحسنین نقوی کربلا گامے شاہ سے ملاقات کی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے محرم الحرام میں امن وامان برقرارر کھنے کا پیغام دیا۔اورمحرم الحرام میں فرقہ فارانہ ہم آہنگی کے قیام پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر علماء کرام نے محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام کیلیئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی عملی کاوشوں کو سراہا اور اسے مثالی قرار دیا۔اس موقع پر انہوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کے لئے دعا بھی کی۔ایم کیوایم کے وفد میں صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شبیر احمد قائم خانی ،رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی اظہار احمد، زونل انچارج شاہین انور گیلانی ،ممبر زونل کمیٹی فیصل فجاج اللہ ڈار ،انچارج دسٹرکٹ لاہور میاں طاہر محمود سمیت ڈسٹرکٹ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆